## اردو میں حمد ومناجات

ڈاکٹر سید یحییٰ نشیط

ناشر: انشاء پبلی کیشنز، ۵۲۸، زکریا اسٹریٹ، کولکاتا-۳۷، ۲۰۱۰ء، صفحات: ۲۶۴، قیمت: -/۱۵۲ روپے

زیرنظر مجموعۂ مقالات اردو میں حمد ومناجات کا مبسوط مطالعہ ہے۔ اس میں کل پانچ مقالات شامل ہیں، جن سے موضوع کے مختلف ابعاد روشن ہوتے ہیں۔ کتاب کا پہلا مقالہ، جو سب سے طویل (۱۳۴ر صفحات پر مشتمل) اور اہم بھی ہے، اردو میں حمدیہ شاعری: تاریخ وارتقاء' کے عنوان سے ہے۔ اس میں پندرہویں صدی عیسوی کے ابتدائی دکنی شعرا: نظامی، میراں جی، شیخ بہاء الدین باجن، جیوگام دھنی، برہان الدین جانم، خوب محمد چشتی سے لے کر عصر حاضر کے شعراء: صبیح رحمانی، نذیر فتح پوری، محبوب راہی اور حافظ کرناٹکی کے حمدیہ کلام کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس میں شامل شعراء کی تعداد سو سے متجاوز ہے۔ مقالہ نگار نے ہر شاعر کے کلام سے چند اشعار منتخب کیے ہیں اور ان کا تجزیہ کرکے اپنی تنقیدی رائے پیش کی ہے۔ شعراء کا کلام تحریر کرتے وقت وہ متعلقہ عہد کا منظرنامہ بھی پیش کرتے جاتے ہیں، اس سے قاری کو ایک حد تک اردو ادب کی عہد بہ عہد تاریخ سے واقفیت ہو جاتی ہے۔ اس مقالے سے فاضل مصنف کی موضوع پر دست رس اور اردو شاعری کے مزاج سے ان کی واقفیت نمایاں ہوتی ہے۔ اس مضمون میں قدیم شعراء کے حمدیہ کلام پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ جدید شعراء پر مزید توجہ کی ضرورت ہے۔

دوسرا مقالہ اردو کی حمدیہ شاعری میں فلسفیانہ رجحان پر ہے۔ اس میں چند شعراء کے تصورِ الٰہ سے متعلق فلسفیانہ خیالات کے حامل اشعار کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ یہ بھی ایک عمدہ مضمون ہے۔ تیسرے مقالے 'اردو کی متصوفانہ حمدیہ شاعری' میں 'محبتِ رب' کے موضوع پر شعراء کے کلام کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس میں ایسے حمدیہ اشعار پیش کیے گئے ہیں، جن میں عشق کا نسائی رنگ موجود ہے۔ ایک مقالہ: 'قرآن کا اثر اردو کی حمدیہ شاعری پر' کے عنوان سے ہے۔ اس میں شعراء کے ایسے کلام کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے، جن میں قرآنی تلمیحات، قصص اور آیات استعمال کی گئی ہیں۔ آخری مقالہ 'اردو کی مناجاتی شاعری' میں اردو شعراء کی مناجات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔